میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 14 ربیع الاول، 1442ھ | 31/10/2020 | نمبر: 1442/25

پریس ریلیز

باجوہ-عمران سرکار جس استعماری ورلڈ آرڈر کی غلام ہے اس کی وفاداری کا طوق گلے میں ڈال کر نبی کریم ﷺ کی حرمت کا دفاع نہیں ہو سکتا

جس دن عمران خان رسول اللہ ﷺ کی یاد میں منعقد کی جانے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسلم دنیا کے حکمرانوں سے مطالبہ کر رہے تھے کہ وہ فرانس کی جانب سے کی جانے سے توہین رسالت کے خلاف ایک مضبوط مشترکہ پوزیشن اختیار کریں، ٹھیک اسی دن 30 اکتوبر 2020 کو باجوہ-عمران سرکار نے اپنی اُس پوزیشن کا عملی اظہار اُن مظاہرین پر آنسو گیس کے گولے برسا کر کردیا جو فرانسیسی سفارت خانے کے باہر مظاہرہ کرنا چاہتے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلم دنیا کے حکمران توہین رسالت کے معاملے پر کبھی مضبوط مشترکہ پوزیشن کا اظہار نہیں کرینگے کیونکہ یہ سب استعماری ورلڈ آرڈر کے وفادار غلام اور پہرے دار ہیں جسے اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کے پانچ مستقل اراکین نے قائم کیا، جن میں فرانس بھی شامل ہے۔ یہ اقوام متحدہ کا چارٹر ہی ہے جو اِن مغربی لبرل آزادیوں کو بنیاد قرار دیتے ہوئے اس کی مکمل تائید کرتا ہے جس کی بنیاد پر مغرب مسلسل ہمارے نبی ﷺ کی ذات مبارک کی حرمت پر حملہ آور ہے۔

اس حکومت نے عملی طور پر اپنے آپ کو اس استعماری ورلڈ آرڈر کے وفادار غلام کے طور پر ثابت کیا ہے۔ چین نے مشرقی ترکستان (سنکیانگ) میں لاکھوں مسلمانوں کو قید کرتے ہوئے ظلم وستم کا نشانہ بنا رکھا ہے۔ لیکن اس معاملے پر پہلے باجوہ-عمران سرکار نے لاعلمی کا اظہار کیا اور پھر یہ اعلان کردیا کہ یہ تو نان ایشو (non-issue) ہے۔ افغانستان کے معاملے میں باجوہ-عمران سرکار کرائے کے سہولت کار کا کردار ادا کر رہی ہے تاکہ پسپا ہوتی امریکی افواج کو باعزت واپسی کا رستہ مل جائے اور ساتھ ہی ساتھ کابل میں امریکی کٹھ پتلی حکومت بھی برقرار رہے۔ باجوہ-عمران حکومت ایک ایسے وقت میں روس سے تعلقات کو فروغ دے رہی ہے جب اس کے ہاتھ سے شامی مسلمانوں کا خون ٹپک رہا ہے۔ اور جہاں تک برصغیر کے سابق ظالم اور بے رحم قابض برطانیہ کا تعلق ہے تو باجوہ-عمران حکومت نے اس کے زہریلے ثقافتی منصوبوں کے لیے پاکستان کے دروازے کھول رکھے ہیں جن کا مقصد اسلام کی قدر و منزلت کو گھٹانا ہے۔

اے پاکستان کے مسلمانو! دنیا کی چھٹی بڑی فوج، بے شمار وسائل، نوجوان آبادی اور برطانیہ و فرانس کے مجموعی رقبے سے زیادہ رقبہ رکھنے کے باوجود ہم اس قابل نہیں ہیں کہ اپنی بھرپور طاقت اسلام کیلئے استعمال کر سکیں کیونکہ پاکستان کو باجوہ-عمران سرکار نے کرپٹ استعماری ورلڈ آرڈر کی زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے۔ ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا نہیں کر سکتے جب تک ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حکمرانی کے نفاذ کے ذریعے خود کو ان بندھنوں سے آزاد نہیں کرالیتے۔ ماضی میں خلافت نے صلیبی ریاستوں کو بھاگنے اور برطانیہ اور فرانس کو توہین رسالت کے ارتکاب سے روک دیا تھا، اور آج پھر یہ خلافت ہی ہوگی جو عالمی سطح پر اسلام کی دعوت کی ترویج اور اس کی عزت وعظمت کے لیے ریاست کے تمام وسائل کو بروئے کار لائے گی۔ ماضی میں خلافت نے روم اور فارس کی سلطنت کی جانب سے نافذ ہونے والے کرپٹ ورلڈ آرڈر کو تہس نہس اور تہہ وبالا کردیا تھا اور آج پھر خلافت ہی ہوگی جو موجودہ استعماری ورلڈ آرڈر کو نیست و نابود کردے گی اور دین حق کو نافذ کرکے دنیا کے اربوں انسانوں کو تکالیف، مشکلات و مصائب سے نجات دلائے گی۔ تو آئیں، دنیا میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے قانون کی بالادستی کے لیے نبوت کے نقش قدم پر خلافت کے قیام کی زبردست جدوجہد کریں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ **"وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس (دین) کو (دنیا کے) تمام ادیان پر غالب کردے خواہ کافروں کو یہ کتنا ہی ناگوار گزرے"** (التوبہ: 33)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK04 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrira.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info